www.xtrapapers.com

Cambridge O Level

**Cambridge International Examinations**
Cambridge Ordinary Level

CANDIDATE NAME

CENTRE NUMBER

CANDIDATE NUMBER

*1802690528*

**FIRST LANGUAGE URDU** **3247/01**

Paper 1 Reading and Writing **May/June 2017**

**1 hour 30 minutes**

Candidates answer on the Question Paper.

No Additional Materials are required.

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

Write your Centre number, candidate number and name in the spaces provided.
Write in dark blue or black pen.
Write your answers in Urdu in the spaces provided on the Question Paper.
Do not use staples, paper clips, glue or correction fluid.
Dictionaries are **not** permitted.
DO **NOT** WRITE IN ANY BARCODES.

Answer **all** questions in **Part 1** and **one** question in **Part 2**.

The number of marks is given in brackets [ ] at the end of each question or part question.
Write your answers within the given word limits.

مندرجہ ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔

پرچے پر مُہیا کی گئی جگہوں پر اپنا نام، سینٹر کا نمبر اور اُمیدوار کا نمبر لکھیے۔

صرف نیلے یا کالے رنگ کا قلم استعمال کیجیے۔

اپنے تمام جوابات اسی پرچے پر سوالوں کے نیچے لکھیے۔

اضافی مواد کی ضرورت نہیں ہے۔

اسٹیپل، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند اور کریکشن فلوئڈ کا استعمال مت کیجیے۔

لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

بار کوڈ پر کچھ نہ لکھیے۔

حصہ اول سے تمام سوالات اور حصہ دوم سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے۔

اس پرچے میں ہر سوال کے مارکس بریکٹ میں دیئے گے ہیں۔ [ ]

آپ کا ہر جواب دی گئی حدود کے اندر ہونا چاہیئے۔

This document consists of **9** printed pages and **3** blank pages.


© UCLES 2017

CAMBRIDGE International Examinations

www.xtrapapers.com



## Part 1 Reading

سوال نمبر 1 ۔ مندرجہ ذیل عبارت پڑھیے پھر دیے گئے سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔

ماحولیاتی آلودگی سے مراد قدرتی ماحول میں نقصان دہ تبدیلی ہے۔ ایسے ماحول میں رہ کر انسان اپنے جسم میں لاتعداد بیماریوں کو دعوت دیتا ہے۔ آج کرہ ارض پر انسان کے لیے سب سے بڑا خطرہ یہی ماحولیاتی آلودگی ہے۔ ماحولیاتی آلودگی میں فضائی، آبی اور شور کی آلودگی نمایاں ہیں۔ ہم جس ماحول میں رہتے ہیں اِس میں انسان، جانور، زمین، پانی، ہوا اور درختوں کے علاوہ موسمی حالات وغیرہ شامل ہیں۔ اگر ہم ان کا غلط استعمال کریں گے تو اس سے انسان اور فطرت کا وجود بُری طرح متاثّر ہو گا۔

صحت مند زندگی کے علاوہ انسان کے لیے تازہ اور خالص ہوا کی بہت ضرورت ہوتی ہے لیکن موجودہ دور میں انسان نے اس کو بھی آلودہ کر دیا ہے۔ فضائی آلودگی کی بڑی وجوہات میں گاڑیوں، کارخانوں اور ہوائی جہازوں کے دھوئیں کے علاوہ مختلف ممالک میں کیے جانے والے ایٹمی دھماکے بھی شامل ہیں۔ ایک حالیہ رپورٹ کے مطابق تقریباً چالیس ہزار لوگ فضائی آلودگی کے باعث پھیلنے والی بیماریوں کی وجہ سے اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں جن میں دل کے امراض، پھیپھڑوں کے سرطان، تپ دق اور دمہ جیسی مہلک بیماریاں سرفہرست ہیں۔

ایک تحقیق کے مطابق موجودہ دور میں مختلف ممالک میں جنگلات کا تیزی سے صفایا کیا جا رہا ہے۔ اس کی وجہ سے دنیا کی آلودگی میں خطرناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے۔ درخت فضا میں کاربن ڈائی اکسائیڈ کی مقدار کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اگر درختوں کی کٹائی کا سلسلہ اسی رفتار سے جاری رہا تو وہ دن دور نہیں جب زمین کھولتے پانی اور صحرا کی طرح گرم ہو جائے گی۔ سانس لینے کے لیے تازہ اور صاف ہوا کا ملنا محال ہو جائے گا اور اس سے بنی نوع انسان کی صحت بُری طرح متاثّر ہو جائے گی۔ کئی ملکوں میں سیلاب کی بڑی وجہ بھی درختوں کی کٹائی ہے۔

© UCLES 2017

آبی آلودگی میں بھی روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ اس کی بڑی وجہ خشکی سے مختلف قسم کی خطرناک کیمیائی اور حیاتیاتی گندگی کا پانی میں داخل ہونا ہے۔ گزشتہ صدی کے دوران کھانے پینے کی اشیاء کو پلاسٹک کے ڈبوں، بوتلوں اور پیکٹوں میں بند کرنے کے رجحان میں مسلسل اضافہ ہوا ہے۔ یہ کوڑا کرکٹ اور کارخانوں کے خارج کردہ زہریلے مادّے کا پانی میں داخل ہونا بھی آلودگی میں اضافے کا باعث بن رہا ہے۔ پانی میں آلودگی کی وجہ سے آبی حیات کے لیے خطرات روز بروز بڑھ رہے ہیں۔

شور کی آلودگی موجودہ دور میں نہ صرف انسانی صحت پر بلکہ قدرتی ماحول اور املاک پر بھی اثر انداز ہو رہی ہے۔ اس سے انسان اعصابی تناؤ، بے چینی اور بہرے پن کا شکار ہو رہا ہے۔ فضائی اور آبی آلودگی کے مقابلے میں شور کی آلودگی کے بارے میں لوگ اتنا شعور نہیں رکھتے حالانکہ شور کی آلودگی بھی فضائی آلودگی اور آبی آلودگی سے کم مضرِ صحت نہیں ہے۔

www.xtrapapers.com



مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔ ہر سوال کے بعد مارکس لکھ دیے گئے ہیں۔

(i) ماحولیاتی آلودگی کے کیا اثرات ہیں؟ دو باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

[2]......................................................................................................................................

(ii) عبارت کے مطابق مصنّف نے گاڑیوں، کارخانوں اور ہوائی جہازوں کے بارے میں کیا منفی باتیں کہی ہیں اور ان کے کیا اثرات ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[4]......................................................................................................................................

(iii) عبارت میں چالیس ہزار کا ذکر کیوں کیا گیا ہے؟ دو باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

[2]......................................................................................................................................

(iv) جنگلات کی کٹائی سے دنیا پر کیا اثرات مرتّب ہو رہے ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[4]......................................................................................................................................

© UCLES 2017 

www.xtrapapers.com



(v) مصنّف کے مطابق آبی آلودگی کی کیا وجوہات ہیں؟ دو باتیں لکھیے۔

....................................................................................................

[2]....................................................................................................

(vi) پچھلی صدی میں ماحولیاتی آلودگی کے بارے میں لوگوں کے رویے میں کیا منفی تبدیلیاں آئی ہیں؟ تین باتیں لکھیے۔

....................................................................................................

....................................................................................................

[3]....................................................................................................

(vii) بیسویں صدی سے پہلے آبی آلودگی کے کم ہونے کی کیا وجوہات تھیں؟ دو باتیں لکھیے۔

....................................................................................................

[2]....................................................................................................

(viii) عبارت کے مطابق کون سی آلودگی دوسری آلودگیوں سے مختلف ہے اور کیوں؟

....................................................................................................

[2]....................................................................................................

(ix) عبارت میں بیان کی گئی آلودگیوں میں سے کون سی آلودگی سب سے زیادہ خطرناک ہے اور کیوں؟ تین وجوہات بیان کریں۔

....................................................................................................

....................................................................................................

....................................................................................................

[4]....................................................................................................

**[Total: 25 marks]**

www.xtrapapers.com



## Part 2 Writing

سوال نمبر 2 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 400–300 الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیے۔

(i) **دلیل**

تعلیم انسانی زندگی کے مسائل حل کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ دلائل سے ثابت کیجیے۔

(ii) **بحث**

سیر و سیاحت سے انسانی زندگی پر اچھّے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ بحث کیجیے۔

(iii) **تفصیل**

آپ کے اسکول / کالج میں سالانہ کھیلوں کے بعد تقسیمِ انعامات کی تقریب ہو رہی ہے۔ تقریب کے ماحول کی عکّاسی کیجیے۔

(iv) **بیان**

آپ اپنے چھوٹے بھائی کے ساتھ شہر کے ایک میلے میں جاتے ہیں۔ اچانک آپ کا بھائی ہجوم میں کھو جاتا ہے۔ کہانی مکمّل کیجیے۔

**[Total: 25 marks]**

**نوٹ: حصہ دوم کے سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب پرچے کے صفحات نمبر 7، 8 اور 9 پر لکھیے۔**

www.xtrapapers.com


© UCLES 2017

www.xtrapapers.com

www.xtrapapers.com



..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................................

© UCLES 2017

www.xtrapapers.com



**BLANK PAGE**

© UCLES 2017 

www.xtrapapers.com



BLANK PAGE

© UCLES 2017 

www.xtrapapers.com



**BLANK PAGE**

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge International Examinations Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cie.org.uk after the live examination series.

Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.